## ایم کیوایم آئندہ بھی این آر او یا ایسے کسی قانون کا ساتھ نہیں دے گی جو ایم کیوایم کے منشور، عوام کی خواہشات اور امنگوں کے خلاف ہوگا۔الطاف حسین
## اگر اصولی مؤقف اختیار کرنے کی خاطر ہمیں حکومت سے علیحدہ ہونا پڑا تو حکومت سے علیحدگی کو ترجیح دیں گے لیکن حق پرستی کا دامن ہرگز نہیں چھوڑیں گے
## ایم کیوایم کرپٹ سیاسی کلچر اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے۔اسکردو میں تاریخ ساز انتخابی جلسہ عام سے خطاب

لندن۔۔۔5،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ نے این آر او سمیت ہر قومی ایشو پر اصولی مؤقف اختیار کیا ہے اور ایم کیوایم آئندہ بھی ایسے کسی قانون کا ساتھ نہیں دے گی جو ایم کیوایم کے منشور اور عوام کی خواہشات اور امنگوں کے خلاف ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اگر اصولی مؤقف اختیار کرنے اور حق و سچ کا ساتھ دینے کی خاطر ہمیں حکومت سے علیحدہ ہونا پڑا تو ایم کیوایم حکومت سے علیحدگی کو ترجیح دے گی لیکن حق پرستی کا دامن ہرگز نہیں چھوڑے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز اسکردو میں یادگار چوک پر ایم کیوایم کے تاریخ ساز انتخابی جلسہ عام سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔جلسہ عام میں اسکردو کے ساتھ ساتھ گھانچے، شگر اور بلتستان کے دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے عوام نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی جن میں نوجوانوں کے ساتھ ساتھ بزرگوں، خواتین اور بچوں کی بھی بڑی تعداد شامل تھی۔جلسہ گاہ میں لوگوں کی بہت بڑی تعداد کے باعث پنڈال میں جگہ تنگ پڑ گئی اور سینکڑوں افراد نے جلسہ گاہ کے اطراف کھڑے رہ کر جناب الطاف حسین کا خطاب سنا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، سلیم تاجک، توصیف خانزادہ، حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، ایم کیوایم گلگت بلتستان کے ذمہ داران اور حق پرست امیدواران بھی موجود تھے۔

جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی ہے اور اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا، ایم کیوایم نے این آر او سمیت ہر قومی ایشو پر اصولی مؤقف اختیار کیا ہے اور ہمیشہ حق و سچ کا ساتھ دیا۔انہوں نے واضح اور دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ایم کیوایم آئندہ بھی ایسے کسی قانون یا آرڈی ننس کا ساتھ نہیں دے گی جو ایم کیوایم کے منشور اور عوام کی خواہشات اور امنگوں کے خلاف ہوگا۔اگر اصولی مؤقف اختیار کرنے اور حق و سچ کا ساتھ دینے کی خاطر ہمیں حکومت سے علیحدہ ہونا پڑا تو ایم کیوایم حکومت سے علیحدگی کو ترجیح دے گی لیکن حق پرستی کا دامن ہرگز نہیں چھوڑے گی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو غریب و متوسط طبقہ کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور گزشتہ 30 برسوں سے ملک میں جاری کرپٹ سیاسی کلچر کے خاتمہ، فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سرمایہ دارانہ اور سردارانہ نظام کے خلاف جدوجہد کررہی ہے۔ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے ملک میں جاری موروثی سیاست کے طلسم کو توڑا ہے اور میرٹ کی بنیاد پر باصلاحیت، باکردار، تعلیم یافتہ اور ایماندار افراد کو سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی میں بھیجا، ان میں کوئی بھی الطاف حسین کا نہ تو بھائی بہن ہے اور نہ ہی بھانجے بھتیجے ہیں بلکہ یہ سب تحریک کے کارکن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ ''بے شک حق آنے کیلئے اور باطل مٹ جانے کیلئے ہے'' اور اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ آج ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام کراچی سے کشمور، کراچی سے کشمیر اور اب گلگت بلتستان تک پہنچ چکا ہے اور آج حق پرستی کا پرچم گلگت بلتستان کی جنت نظیر وادیوں اور اونچی اونچی پہاڑیوں پر بھی لہرا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حق و باطل کے معرکہ میں نواسہ رسولؐ حضرت امام حسینؑ نے یزیدیت کے آگے سر جھکانے کے بجائے اپنا سر کٹانا قبول کرلیا۔آج گلگت بلتستان کے عوام نے جسے اپنا نجات دہندہ تسلیم کیا ہے اس کا نام الطاف حسین ہے جو حضرت امام حسینؑ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے حق پرستی کی جدوجہد کررہا ہے۔حق پرستی کی اس جدوجہد میں میرے ہزاروں ساتھیوں کو ہی شہید نہیں کیا گیا بلکہ میرے 66 سالہ بڑے بھائی ناصر حسین اور 28 سالہ بھتیجے عارف حسین کو بھی حق پرستی کی جدوجہد کی پاداش میں گرفتار کرکے تین روز تک وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد بیدردی سے شہید کردیا گیا، حق پرستانہ جدوجہد کی پاداش میں میرے تمام بہن بھائی دربدر ہوگئے لیکن الطاف حسین نے ظالم و جابر قوتوں کے آگے سر نہیں جھکایا۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ پاکستانیت کو اولین ترجیح دی ہے، ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ کسی بھی مذہب، مسلک، فقہ اور عقیدہ کا ماننے والا پاکستان کا برابر کا شہری ہے۔ایم کیوایم نے ہمیشہ یہ درس دیا ہے کہ دیوبندی، بریلوی، وہابی یا شیعہ سنی اور مذہب کی بنیاد پر ایک دوسرے سے نفرت نہ کی جائے بلکہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کے فرمان ''لکم دینکم ولی الدین'' یعنی ''تیرا دین تیرے ساتھ اور میرا دین میرے ساتھ'' پر عمل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صاف فرمایا ہے کہ ''لااکراہ فی الدین'' یعنی دین میں کوئی جبر نہیں ہے۔پھر یہ کون لوگ ہیں جو ہمیں شیعہ سنی یا مذہب کی بنیاد پر آپس میں لڑاتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام ایک دوسرے کے مسالک، عقائد اور مذاہب کا احترام کریں۔ایم کیوایم کراچی، حیدرآباد اور صوبہ سندھ کے دیگر علاقوں کی طرح گلگت بلتستان میں بھی فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور شیعہ سنی اتحاد قائم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کرے گی تاکہ شیعہ سنی عوام آپس میں بھائیوں

کی طرح رہ سکیں۔ جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آج عہد کیا جائے کہ ہم سب پاکستانی ہیں اور اب گلگت بلتستان میں شیعہ سنی کی بنیاد پر فسادات نہیں ہونگے بلکہ شیعہ سنی عوام ایک دوسرے کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر پاکستان، اپنے اپنے علاقوں اور ملک بھر کے غریب عوام کی خدمت کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان کی انتظامی یونٹ کی حیثیت کو آئینی وقانونی تحفظ فراہم کرنے کیلئے گلگت بلتستان کے عوام کے مطالبے کی حمایت کرتی ہے اور اس سلسلے میں سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ڈوگرہ راج کے خلاف گلگت بلتستان کے لوگوں کی جدوجہد اور انکی قربانیوں کا اعتراف کرتی ہے اور 1947ء میں گلگت بلتستان کے عوام کی جانب سے پاکستان سے الحاق کے فیصلہ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں گلگت بلتستان کے مسائل کو بھی شدت کے ساتھ اٹھایا، انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ملک بھر کے تعلیمی اور فنی اداروں میں گلگت بلتستان کے طلباء کیلئے خصوصی نشستیں مقرر کی جائیں۔ گلگت بلتستان کے عوام کی سہولت کیلئے تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز میں پاسپورٹ آفس کا قیام عمل میں لایا جائے۔ گلگت بلتستان کے علاقے ہنزہ گوجال کو آبادی کے تناسب سے ایک اضافی نشست دی جائے۔ انہوں نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ بھاشا ڈیم، دیامر ڈیم اور شندور پولو گراؤنڈ کے مسئلہ پر گلگت بلتستان کے عوام کے تحفظات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور گلگت بلتستان کے عوام کو انکے جائز حقوق دیئے جائیں۔ پولیس میں مزید بھرتیاں کی جائیں اور ان کی تنخواہیں دیگر صوبوں کے مقابلے میں زیادہ کی جائیں یا انکے مساوی کی جائیں۔ سرکاری محکموں میں ملازمتوں میں بھی گلگت بلتستان کے لوگوں کیلئے خصوصی کوٹہ مقرر کیا جائے اور ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر گلگت بلتستان کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔ ملک بھر کے تعلیمی اداروں اور ہاسٹلز میں گلگت بلتستان کے طلبہ کا کوٹہ مقرر کیا جائے اور طلبہ کے جائز مسائل کو حل کیا جائے۔ سیاحت کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جائے اور سیاحت کے شعبہ کیلئے خصوصی گرانٹ کا اعلان کیا جائے۔ گلگت بلتستان میں انجینئرنگ اور میڈیکل کالجز اور یونیورسٹی قائم کی جائیں۔ سڑکوں اور پلوں کی حالت بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے گلگت بلتستان میں ڈیم بنانے پر توجہ دی جائے۔ یہاں پائے جانے والے معدنیات اور قدرتی معدنی ذخائر کو کارآمد بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ اسکردو ایئرپورٹ کو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا درجہ دیا جائے۔ مقامی فنکاروں کی فلاح و بہبود کیلئے ٹرسٹ قائم کیا جائے۔ اسکردو میں پاسپورٹ آفس قائم کیا جائے۔ ست پارہ ڈیم سے ایک نہر نکالی جائے جس سے بلتستان کی لاکھوں ایکڑ بنجر زمین آباد کی جائے اور غریب بے روزگار لوگوں میں وہ زمین تقسیم کی جائے۔ عوامی چراگاہوں پر گورنمنٹ کا قبضہ ختم کرکے عوام میں تقسیم کیا جائے، زمین کو سرکاری طور پر لینے کی صورت میں اسکا معاوضہ عوام کو دیا جائے۔ جس طرح کشمیری عوام کو پورے پاکستان میں ووٹ کا حق حاصل ہے اسی طرح گلگت بلتستان کے عوام جو ملک کے دیگر علاقوں میں آباد ہیں ان کو بھی دیگر صوبوں میں ووٹ ڈالنے کا حق دیا جائے۔ CSS میں گلگت بلتستان کا کوٹہ فاٹا کے ساتھ منسلک ہے لہٰذا گلگت بلتستان کو CSS میں علیحدہ کوٹہ دیا جائے۔ بھاشا ڈیم کی رائلٹی گلگت بلتستان کو دی جائے، دیامر ڈیم کو فوری تعمیر کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوئی تو انشاءاللہ ایم کیوایم نہ صرف گلگت بلتستان کے ان مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دے گی بلکہ ہماری حکومت کے دور میں گلگت بلتستان میں تعلیم کو عام کرنے کیلئے یہاں اسکولوں اور فنی تعلیم کے ادارے قائم کئے جائیں گے۔ بیروزگاروں کو روزگار کی فراہمی کیلئے چھوٹے چھوٹے انڈسٹریل زون قائم کئے جائیں گے۔ اسپورٹس اور کلچر کے فروغ کیلئے تاریخی کھیل پولو کے فروغ کیلئے ادارہ قائم کیا جائے گا۔ لائیو اسٹاک، جنگلات، جنگلی حیات کی ترقی اور تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں گے۔ سرکاری ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے اولڈ ایج بینیفٹ اور لیبر ڈپارٹمنٹ قائم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کراچی میں رہائش پذیر گلگت بلتستان کے لوگوں کو بلدیاتی اداروں میں نمائندگی دیکر ان میں احساس شراکت پیدا کرے گی۔ کراچی میں آباد تمام زبانیں بولنے والوں کے ساتھ ساتھ گلگت بلتستان کے لوگوں کو بھی کراچی کی شہری حکومت اور صوبائی محکموں میں ملازمت کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ گلگت بلتستان میں اسپتالوں، ماڈل اسکول اور ایمبولینس سینٹر تعمیر کرکے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دائرہ گلگت بلتستان تک وسیع کیا جائے گا۔

جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور حق پرست امیدواروں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگائیں۔ انہوں نے جلسہ عام کیلئے دن رات مصروف رہنے والے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو دل کی گہرائیوں سے زبردست شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے گلگت کے حلقہ GBLA-19 کے حق پرست امیدوار شیر بہادر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ بعدازاں جناب الطاف حسین نے بلتستان کے مختلف حلقوں سے نامزد حق پرست امیدواروں کا تعارف بھی کرایا۔

## جلال آباد کے علمائے کرام کے نمائندے علامہ مولانا شیخ اشتیاق احمد کی ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

گلگت۔۔۔5،نومبر 2009ء

جلال آباد کے علمائے کرام کے نمائندہ علامہ مولانا شیخ اشتیاق احمد نے قائدتحریک الطاف حسین کے فکروفلسفہ، خطے سے فرقہ واریت کے خاتمے اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کی پالیسی اورعملی جدوجہد سے متاثر ہوکرایم کیوایم شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے جمعرات کومرکزی سیکریٹریٹ گلگت میں متحدہ علماء کمیٹی کے ارکان محمد ناصر یامین، علامہ اظہرحسن نقوی اورسید حامد عابدی سے ملاقات کے دوران کیا۔علامہ مولانا اشتیاق شیخ احمد نے گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی آمد پرانتہائی مسرت کا اظہار کیا اورتحریک کی کامیابی وکامرانی کیلئے دعا کی۔انہوں نے گلگت کے جلسہ عام کی کامیابی پرایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کومبارکباددی اور کہا کہ گلگت کے جلسے میں الطاف حسین بھائی نے فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے جس عزم کا اظہار کیا ہے وہ خطے کے عوام کیلئے قابل ستائش ہے اورامید کی بڑی کرن ہے۔اس موقع پرمتحدہ علماء کمیٹی کے ارکان نے علامہ مولانا شیخ اشتیاق احمد کی جانب سے ایم کیوایم کیلئے نیک خیالات پرشکریہ ادا کیا اورایم کیوایم میں شمولیت پرقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے خیرمقدم کیا۔

## GBLA-6ہنزہ نگر کے آزادامیدوار وحید مرادرومی کی ایم کیوایم میں شمولیت اورحق پرست امیدوار کامل جان کے حق میں دستبردار

## الطاف حسین کا فکروفلسفہ ہمارے لئے راہ نجات ہے،ایم کیوایم کے نمائندوں سے بات چیت

گلگت۔۔۔5،نومبر 2009ء

گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کیلئے GBLA-6ہنزہ نگر کے آزادامیدوار وحید مرادرومی نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے حق پرست امیدوار کامل جان کے حق میں دستبرداری کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پرایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ایم کیوایم کے نمائندوں سے گفتگو میں وحید مرادرومی نے کہا کہ الطاف حسین کا نظریہ ہمارے لئے راہ نجات ہے،ایم کیوایم نے گلگت بلتستان کے عوام کے دل جیت لیے ہیں۔انہوں نے گلگت میں ایم کیوایم کے کامیاب جلسہ عام کے انعقاد پرالطاف حسین اورایم کیوایم کے تمام رہنماؤں کومبارکباددی۔اس موقع پرحق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادرخانزادہ نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پرخیرمقدم کرتے ہوئے حق پرست امیدوار کامل جان کے حق میں دستبردار ہونے پرانہیں قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباددی۔

## GBLA-19غذر 1 کے نامزد حق پرست امیدوار شیر بہادر دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے

## قائدتحریک الطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔5نومبر،2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کیلئے 12 نومبر 2009ءکوہونے والے الیکشن میں GBLA=19 غذر 1 کے نامزد حق پرست امیدوار شیر بہادر آج صبح اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے (اناللہ واناالیہ راجعون)۔شیر بہادر کوگزشتہ رات دل میں تکلیف ہونے کی وجہ سے انہیں تشویشناک حالت میں آج صبح اسکردو کے مقامی اسپتال میں داخل کیا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکے اوراپنے خالق حقیقی سے جاملے۔مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ، تین بیٹے اورایک بیٹی ہے۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نامزد حق پرست امیدوارGBLA-19،غذر 1 کے شیر بہادر کے انتقال پردلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شیر بہادر مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں ،میں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیر بہادر کواپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی وایم کیوایم صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے بھی شیر بہادر مرحوم کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی نے شیر بہادر مرحوم کی مغفرت اورسوگواران کوصبر جمیل کی دعائیں کیں۔

## گلگت بلتستان اسمبلی کے حق پرست امیدوار شیر بہادر کو سپرد خاک کر دیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کے رہنماؤں، ذمہ داران، عزیز و اقارب اور عوام کی شرکت

## الطاف حسین کے مشن کی تکمیل کیلئے رات دن جدوجہد کریں گے، تدفین کے موقع پر سوگوار لواحقین کا عزم

گلگت۔۔۔5نومبر، 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی حلقہ GBLA=19 غذر 1 کے نامزد حق پرست امیدوار شیر بہادر مرحوم کو غذر کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز عصر ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں گلگت بلتستان اسمبلی کے مختلف حلقوں سے نامزد حق پرست امیدواروں شاہ ظاہر ایڈوکیٹ، شاہ جہاں غذری، سابق صوبائی مشیر اطلاعات سندھ حامد حسین عابدی، ایم کیو ایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یاور جمیل، رکن ارشاد ظفیر، میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان، گلگت بلتستان کمیٹی کے جوائنٹ انچارج واراکین، ایم کیو ایم کے کارکنان، علاقے کے عوام اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء شیر بہادر مرحوم کے سوگوار لواحقین نے تدفین کے موقع پر کہا کہ ہمارے بھائی شیر بہادر نے قائد تحریک الطاف حسین کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا عزم کیا تھا لیکن انہیں زندگی نے اس بات کی مہلت نہیں دی اب ہم عہد کرتے ہیں کہ قائد تحریک الطاف حسین کے اس مشن کی تکمیل کیلئے رات دن جدوجہد کریں گے۔صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یاور جمیل نے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے قائد تحریک الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور دیگر ذمہ داران و کارکنان کی جانب سے دلی تعزیت کی اور شیر بہادر کو ان کی جرات و بہادری اور تنظیمی خدمات پر زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کیا۔

## کے کے ایف کے تحت اسکردو کے گاؤں کھمبو میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد

## 974 مریضوں کا چیک اپ کر کے مفت ادویات فراہم کی گئیں

اسکردو۔۔۔5،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام گزشتہ روز اسکردو کے گاؤں کھمبو میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ شام 6 بجے تک جاری رہا جس میں جلدی، چیسٹ، نزلہ، زکام اور بخار کے امراض میں مبتلا 974 سے زائد مریضوں نے استفادہ کیا۔طبی کیمپ میں نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کا بزردست رش دکھائی دیا اوراس دوران ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سے تعلق رکھنے والے مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا چیک اپ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں۔اس موقع پر ڈاکٹروں نے احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا اور بعض شدید نوعیت کے امراض میں مبتلا مریضوں کو علاج ومعالجہ کیلئے قریبی اسپتال ریفر کیا۔طبی کیمپ سے مستفید ہونے والے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے گاؤں میں اس طرح کا یہ پہلا طبی کیمپ ہے اور طبی کیمپ میں مفت علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی اور بلاتفریق خلق خدا کی خدمت کا عمل متاثر کن ہے۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## حق پرست وزراء کے نام پر چندہ مانگنے والوں کا ایم کیو ایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی

## بعض جرائم پیشہ عناصر خود کو ایم کیو ایم کا کارکن ظاہر کر کے وزراء کے نام پر چندہ جمع کر رہے ہیں

## عوام وکارکنان ایم کیو ایم کو بدنام کرنے والے جرائم پیشہ عناصر کی اطلاع ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر دیں

کراچی۔۔۔5،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بعض جرائم پیشہ افراد کی جانب سے ایم کیو ایم کے حق پرست صوبائی وزراء کے نام سے چندہ مانگنے اور ایم کیو ایم کو بدنام کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ حق پرست صوبائی وزراء کے نام پر چندہ جمع کرنے والوں کا ایم کیو ایم قطعی کوئی تعلق نہیں ہے۔ایک وضاحتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم نے گزشتہ آٹھ سالوں سے ہر قسم کے چندے پر مکمل پابندی عائد کر رکھی ہے اور جو عناصر بھی خود کو ایم کیو ایم کا کارکن ظاہر کر کے یہ عمل کر رہے ہیں وہ جرائم پیشہ ہیں اور ایم کیو ایم کی مقبولیت سے خالف ہو کر ایم کیو ایم کو بدنام کر رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام خصوصاً صنعتکار، تاجروں سے اپیل کی ہے کہ صوبائی وزراء کے نام پر چندہ جمع کرنے والے جرائم پیشہ افراد کی اطلاع ایم کیو ایم مرکز نائن زیرو کے فون نمبرز 021-36313690، 021-36329900 یا فیکس نمبر 02136329955 پر کریں۔

## راجہ پرویز اشرف کی جانب سے کراچی کے شہریوں پر بجلی چوری کا الزام افسوسناک ہے، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی
## شہریوں پر الزام لگانے کے بجائے وفاقی وزیر لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور بجلی پیداوار میں اضافے کے وعدے کو پورا کریں
## کنڈہ سسٹم ختم کرنے کیلئے نیو کنکشن کی لاکھوں درخواستوں پر عمل درآمد کیا جائے اور صارفین کو بجلی کے میٹر کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کراچی۔۔۔5،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے وفاقی وزیر پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف کی جانب سے کراچی کے شہریوں پر کنڈہ سسٹم کے ذریعے بجلی چوری کے الزام کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پرویز اشرف کراچی کے شہریوں پر الزام لگانے بجائے کے ای ایس سی کا قبلہ درست کریں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی دوکروڑ سے زائد آبادی والا ملک کا سب سے بڑا تجارتی وصنعتی شہر ہے جہاں طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ کے باوجود شہری باقاعدگی سے ہر ماہ بل جمع کراتے ہیں جبکہ راجہ پرویز اشرف کی جانب سے کراچی کے شہریوں پر بجلی چوری کے الزام سے شہریوں کی **دل آزاری** ہوئی اور ملک بھر میں ان کی عزت نفس مجروح ہوا ہے۔حق پرست اراکین نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی نااہل انتظامیہ راجہ پرویز اشرف کو گمراہ کرنے کیلئے غلط اعداد وشمار پیش کررہی ہے اور تصویر کا ایک روخ دکھارہی ہے جبکہ حقیقت ہے کہ کراچی کے شہری نہ صرف ہر ماہ باقاعدہ سے بجلی کے بل جمع کرواتے ہیں،شہر میں غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ اور وولٹیج کی فلکچویشن روز کا معمول ہے جس کے باعث شہریوں کو بھاری نقصانات کا سامنا ہے جبکہ لوڈشیڈنگ سے صنعتی وتجارتی سرگرمیاں الگ متاثر ہیں اور یہی نہیں بلکہ کے ای ایس سی کی نااہل انتظامیہ صارفین کو میٹر سے بل بھیجنے کے بجائے اوسط بل بھیج رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ راجہ پرویز اشرف نے دعویٰ کیا تھا کہ وہ دسمبر تک بجلی لوڈشیڈنگ پر قابو لیں گے اور کراچی کے شہریوں کو ضرورت کے مطابق بجلی کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے۔انہوں نے کہا کہ راجہ پرویز اشرف دسمبر میں لوڈشیڈنگ پر قابو پانے کے عوام سے کئے وعدے کو پورا کرنے اور کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی نااہل انتظامیہ کو بجلی کی فراہمی کا پابند کرنے بجائے الٹا کراچی کے شہریوں پر بے بنیاد اور جھوٹے الزام لگارہے ہیں اور اپنی ناکامی پردہ ڈالنے کوشش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے صارفین کی جانب سے نیو کنکشن کی لاکھوں درخواستیں کے ای ایس سی کی نااہلی کے باعث دفتر میں جمع ہیں جن پر عملدآمد نہیں کیا جارہا اور ردی کا ڈھیر بن چکی ہیں لہٰذا کنڈہ سسٹم ختم کرنے کیلئے نیو کنکشن کی لاکھوں درخواستوں پر عمل درآمد کیا جائے اور صارفین کو جلد از جلد بجلی کے میٹر کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب وفاقی وزیر کراچی کے شہریوں پر بجلی چوری کے الزام لگا کر ان کی عزت نفس مجروح کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب کراچی میں غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔شہر میں وولٹیج فلکچویشن کی وجہ سے آئے دن گھریلو قیمتی آلات خراب ہورہے ہیں اور شہریوں کو بھاری نقصان کا سامنا ہے جبکہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی نااہل انتظامیہ مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کررہی ہے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ راجہ پرویز اشرف شہریوں پر بجلی چوری کا الزام لگانے بجائے لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے بجلی کی پیدوار میں اضافے کریں،نیو کنکشن کی درخواستوں پر عمل درآمد کیا جائے اور شہر میں بجلی کی فراہمی کے نظام کو درست کرنے کیلئے کے ای ایس سی انتظامیہ کو پابند کریں تاکہ شہر میں صنعتی وتجارتی سرگرمیوں میں تیزی لائی جائے

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد کے خسر کے انتقال پر الطاف حسین، رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔5،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد کے خسر عبدالمجید کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے نیک محمد سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان نے بھی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد سے ان کے خسر عبدالمجید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت،ان کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیوایم سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔5،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نوابشاہ زون یونٹ A-8 کے یونٹ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق کے والد عبدالرزاق، ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹر کے جوائنٹ انچارج محمد شفیع کی اہلیہ جمیلہ بیگم، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن آصف خان کی ہمشیرہ شہناز بیگم، ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 105 کے کمیٹی کے رکن راشد شیخ کی والدہ زیب النساء اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے بی سی اے یونٹ کے کارکن ضمیر ایوب کے بھائی محمد علاؤالدین خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کے انتخابی مہم کے تحت شہداء یادگار چوک اسکردو میں جلسہ عام کی تیاریاں

## عوام وکارکنان میں جوش وخروش، جلسہ سے قائد تحریک الطاف حسین خطاب کریں گے

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ارکان قومی اسمبلی، صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ جلسہ گاہ کی تیاریوں میں حصہ لیا

کراچی ۔۔۔5،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم کے سلسلے میں ایم کیوایم اسکردو کے تحت ایک بڑا جلسہ عام شہداء یادگار چوک میں آج ہورہا ہے۔اسکردوں میں پہلے انتخابی جلسہ عام اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں جلسے کی تیاریاں زوروشور سے جاری ہیں۔اس سلسلے اسکردو کے مختلف شاہراہوں اور اہم مقامات پرسیکڑوں پرچم لگائے گئے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پورٹریٹ اور انتخابی نشان پتنگ آویزاں کی گئی ہیں۔جبکہ جلسہ گاہ کو خوبصورت رنگ برنگی جھنڈیوں سے سجایا گیا ہے۔جلسہ گاہ میں ایک بڑا اپنڈال لگایا گیا ہے جہاں عوام کیلئے فرشی نشست کا انتظام ہے، ملکی وبین الاقوامی میڈیا کے نمائندوں کے علیحدہ سے پریس گیلری بنائی گئی ہے، اے پی ایم ایس کے علاقائی کارکنان ٹرانسپورٹ کے انتظامات سنبھالیں گے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، سلیم تاجک، توصیف خانزادہ، قومی اسمبلی میں حق پرست ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی، ارکان قومی اسمبلی، ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ شہداء یادگار چوک اسکردو کا دورہ کیا اور جلسہ عام کی تیاریوں میں حصہ لیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنان کی تعریف اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا۔علاوہ ازیں گذشتہ روز اسکردو شہر میں تاریخی ریلی نکالی گئی جو اسکردو کی مختلف شاہراہوں اور محلے سے ہوتے ہوئے جلسہ گاہ پہنچی اور وہاں پر موجود کارکنان کے ہمراہ فلک شگاف نعرے لگائے۔ایم کیوایم کے ترانے اور ریکارڈنگ کے باعث اسکردو میں گہما گہمی نظر آرہی ہے اور عوام وکارکنان میں جوش وخروش پایا جارہا ہے، مختلف علاقوں سے عوام جوق درجوق جلسہ کو دیکھنے کیلئے آرہے ہیں۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی میں جلسہ گاہ میں لوگوں کو شرکت کیلئے شاہراہوں، دکانوں اور مکانوں میں ہینڈبل تقسیم کیے۔اسکردو کے شہریوں بزرگوں، خواتین، بچوں اور خصوصاً نوجوان متحدہ کے قائد کا تاریخی خطاب سننے کیلئے بے چین ہیں اور ان میں قائد تحریک جناب الطاف حسین سے محبت اور عقیدت قابل دید ہے۔

☆☆☆☆☆